آپریشن کیا گیا۔تمام مریضوں کی آنکھوں میں لینز (IOL) لگائے گئے۔ ہم سب کیلئے خبر بڑی مسرت افزا ہے کہ 5,4 اکتوبر کو پہلے معائنہ کے دوران تمام مریضوں کی آنکھوں کو صحت منداور درست پایا گیا۔سیکنڈ فالواپ 22 نومبر 2004ء کو ہوگا۔ان شاءاللہ

عظیم خوشخبری

☆ أثریہ فری ڈسپنسری مدنی محلّہ جہلم میں ڈاکٹر شکیل احمد ایم بی بی ایس، آر ایم پی کی تقرری ہو چکی ہے۔ جو روزانہ شام 5 بجے سے رات 8 بجے تک مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

☆ أثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال جہلم میں ماہر امراض نسواں لیڈی ڈاکٹر توصیفہ کلثوم ایم بی بی ایس، آر ایم پی، گائنا کالوجسٹ کی تقرری ہو چکی ہے۔ہسپتال 24 گھنٹے کھلا رہے گا۔

دعائے صحت

مولانا قاری عطا اللہ ثاقب صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں کے والد صاحب کافی عرصہ سے علیل ہیں۔ان کی شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

وفیات

مولانا محمد یونس اثری کا سانحہ ارتحال

مورخہ 21 ستمبر بروز منگل ممتاز عالم دین اور مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر کے امیر طویل علالت کے بعد 74 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت مولانا محمد یونس اثری کی دینی، مسلکی، جماعتی اور سیاسی زندگی کا دائرہ بڑا وسیع تھا۔آپ نے جامعہ محمدیہ مظفر آباد کا اجراء کر کے کتاب وسنت کی شمع روشن رکھی۔ جس کی روشنی دور دراز تک پہنچ چکی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین

مولانا سید محمد اکرم شاہ گیلانی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 23 ستمبر جمعۃ المبارک کی رات ممتاز عالم دین سید محمد اکرم شاہ گیلانی قضائے الٰہی سے